# بلیسڈ ٹیکسٹائلز لمیٹڈ

## سالانہ اجلاس عام

مطلع کیا جاتا ہے کہ بلیسڈ ٹیکسٹائلز لمیٹڈ کے ممبران کا بتیسواں (32) سالانہ اجلاس عام ہفتہ 26 اکتوبر 2019ء کو صبح دس (10:00) بجے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع عمر ہاؤس 23/1، سیکٹر 23، ایس ایم فاروق روڈ۔ کورنگی انڈسٹریل ایریا۔ کراچی میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا جائیگا۔

### عمومی امور

1- گزشتہ غیر معمولی اجلاس عام منعقدہ 29 دسمبر 2018ء کی کارروائی کی توثیق۔

2- 30 جون 2019ء کو مکمل ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالی گوشواروں معہ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، غور وخوض اور منظوری۔

3- بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارشات کے مطابق 30 جون 2019ء کو مکمل ہونے والے سال کیلئے 198.00 فیصد (یعنی 19/80 روپے فی حصص) کی شرح سے نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی کی منظوری۔

4- آئندہ مالی سال 2020-2019ء کیلئے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے مشاہیرہ کا تعین۔ سبکدوش ہونے والے آڈیٹرز میسرز رحمن سرفراز رحیم اقبال رفیق۔ چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس نے اہلیت کی بنیاد پر دوبارہ تقرری کیلئے اپنی خدمات پیش کی ہیں۔

5- چیئرمین کی اجازت سے دیگر امور کی انجام دہی۔

### خصوصی امور

6- کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور 2 ایگزیکٹو ڈائریکٹرز کے مشاہیرہ میں اضافہ کی منظوری۔

7- کمپنی کے آڈٹ شدہ مالی گوشواروں معہ آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹس، چیئرمین کی جائزہ رپورٹ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اپنی منظوری کے مطابق کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 223(6) کے مطابق نوٹس ہذا کی وصولی کے اہل ہر فرد اور کمپنی کے ہر ممبر کو الیکٹرونکلی فراہم کردی ہیں۔

**کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 134(3) کے تحت خصوصی امور پر مبنی گوشوارہ**

گوشوارہ سالانہ اجلاس عام میں انجام دیئے جانے والے ایجنڈہ نمبر 6 میں درج خصوصی امور سے متعلق ٹھوس حقائق پر مبنی ہے۔

کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر کے مشاہیرہ میں اضافہ کیلئے حصص یافتگان کی منظوری لی جارہی ہے۔ سی ای او اور دو ایگزیکٹو ڈائریکٹر دونوں کا موجودہ مشاہیرہ -/650,000 روپے ماہانہ ہے۔ اس ضمن میں کمپنی کے 26 اکتوبر 2019ء کو منعقد ہونے والے سالانہ اجلاس عام میں مندرجہ ذیل عمومی قرارداد ترمیم بلا ترمیم پاس کرنے کی تجویز ہے۔

"قرار پایا کہ کمپنی محمد امین سی ای او، کے مشاہیرہ میں -/800,000 روپے تک اور عادل شکیل ایگزیکٹو ڈائریکٹر کے مشاہیرہ میں -/800,000 روپے تک اور محمد شاہین ایگزیکٹو ڈائریکٹر، کے مشاہیرہ میں -/1,000,000 روپے تک اضافہ کی منظوری دیتی ہے۔"

گوشوارہ نوٹس ہذا کے ایجنڈہ نمبر 7 میں درج خصوصی امور جو سالانہ اجلاس میں انجام دیئے جائیں گے، سے متعلق ٹھوس حقائق پر مبنی ہے۔

کمپنی کے ڈائریکٹرز نے سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں معہ آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹس اور چیئرمین کی جائزہ رپورٹ، اپنی منظوری کے مطابق کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 223(6) کے تحت الیکٹرونکلی (بذریعہ سی ڈی، ڈی وی ڈی، یو ایس بی) حصص یافتگان کے رجسٹرڈ پتوں پر ارسال کردی ہیں۔

ایکٹ کے تحت منظوری کی تعمیل میں بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 26 اکتوبر 2019ء کو منعقد کیے جانیوالے سالانہ اجلاس عام میں مندرجہ ذیل عمومی قرارداد پاس کرنیکی سفارش کی ہے۔

"قرار پایا کہ کمپنی کے ممبران کی رائے اور منظوری سے کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 223(6) کے تحت کمپنی کے آڈٹ شدہ مالی گوشواروں معہ آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹس الیکٹرونکلی (بذریعہ سی ڈی، ڈی وی ڈی، یو ایس بی) ان کے رجسٹرڈ پتوں پر ارسال کرنے کی منظوری دیتی ہے۔"

**بحکم بورڈ**
**غلام محی الدین**
**کمپنی سیکریٹری**

**کراچی۔ مورخہ 26 ستمبر** 2019

**نوٹ:**

1- کمپنی کی منتقلی حصص کی کتب 18 اکتوبر 2019ء تا 26 اکتوبر 2019 (دونوں دن شامل) بند رہیں گی۔ کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع عمر ہاؤس 23/1، سیکٹر 23 ایس۔ ایم فاروق روڈ۔ کورنگی انڈسٹریل ایریا۔ کراچی میں 17 اکتوبر 2019ء کو اختتام کار تک موصول ہونے والی منتقلیاں 30 جون 2019ء کو مکمل ہونے والے سال کیلئے منافع منقسمہ کی اہلیت کے تعین کے لئے بروقت سمجھی جائیں گی۔

2- ممبران سے درخواست ہے کہ سی این آئی سی کے ہمراہ خود اجلاس میں شریک ہوں یا دوسرے ممبر کو اپنا پروکسی مقرر کردیں۔ تاہم پروکسی کی تقرری کی دستاویز اجلاس ہذا کے انعقاد سے کم ازکم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں مل جانی چاہیے۔

3- کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 132(2) کی تعمیل میں کمپنی اپنے ممبران کو بذریعہ وڈیو لنک اجلاس میں شرکت کی اجازت دیگی۔ متعلقہ شہر میں رہائش پذیر دس فیصد یا زائد شیئر ہولڈرز کی موجودگی میں وڈیو کانفرنس کی سہولت فراہم کریگی۔ تاہم اجلاس میں بذریعہ وڈیو لنک شرکت کیلئے اجلاس کے انعقاد سے کم ازکم سات روز قبل کمپنی کو اپنے عندیہ سے مطلع کرنا ہوگا۔

اس ضمن میں درخواست ہے کہ مندرجہ فارم کو پُر کرکے اجلاس کے انعقاد سے کم ازکم دس روز قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں جمع کرادیں:

میں / ہم ________ بحیثیت بلیسڈ ٹیکسٹائلز لمیٹڈ حامل ________ عمومی حصص بذریعہ فولیو ________ وڈیو کانفرنس سہولت کا ________ پر متمنی ہوں۔

ممبر کے دستخط ________________

4- اجلاس میں شرکت اور رائے دہی کا اہل سی ڈی سی ممبر کو اجلاس میں شرکت کے موقع پر اپنا اصل سی این آئی سی یا پاسپورٹ، اکاؤنٹ اور شرکت آئی ڈی اور آئی ڈی نمبر اپنی شناخت کیلئے پیش کرنے ہونگے اور پروکسی کی صورت میں سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں پیش کرنی ہونگی۔ کارپوریٹ اینٹی کے نمائندوں کو اس مقصد کیلئے مطلوبہ عام دستاویزات ہمراہ لانی ہوں گی۔ سی ڈی سی کے اکاؤنٹ / سب اکاؤنٹ ہولڈرز کو مزید براں سیکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ سرکلر نمبر 1 مجریہ 2000ء مورخہ 26 جنوری 2000ء میں درج ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔

5- کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 242 میں کہا گیا ہے کہ "منافع منقسمہ نقد میں قابل ادائیگی، اہل حصص یافتگان براہ راست ان کے مقررہ بنک اکاؤنٹ میں منتقل کیا جائیگا۔" ایس ای سی پی کے جاری کردہ سرکلر سی ایل ڈی / سی سی ڈی / پی آر (11) / 2017 نمبر 2017/18 مورخہ یکم اگست 2017ء کے مطابق ایس ای سی پی کی دفعہ 242 کی تعمیل میں لسٹیڈ کمپنیاں حصص یافتگان الیکٹرونک ڈیویڈنڈ مینڈیٹ حاصل کریں گی اور اس ضمن میں تمام حصص یافتگان کو نوٹس پہلے ہی ارسال کیا جاچکا ہے۔

مزید براں سیکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کے اعلامیہ نمبر ایس آر او 1145(1) 2017 مورخہ 6 نومبر 2017ء کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کی دفعہ 242 کے تحت لسٹیڈ کمپنیوں کی جانب سے منافع منقسمہ کے اجراء کیلئے ریگولیشنز جاری کیا گیا ہے جسکی تعمیل میں کمپنیاں حصص یافتگان سے تازہ معلومات بشمول مقررہ بنک اکاؤنٹ، بنک کا نام، اکاؤنٹ کا نام، بنک برانچ کا پتہ اور انٹرنیشنل بنک اکاؤنٹ نمبر حاصل کرینگی۔

اس سلسلہ میں، ہم تمام رجسٹرڈ حصص یافتگان سے درخواست کرتے ہیں کہ اپنے نقد منافع منقسمہ کی (اگر اعلان ہو تو) براہ راست اپنے بنک اکاؤنٹ میں منتقلی کیلئے بنک تفصیلات فراہم کردیں۔ متعلقہ بنک سے فراہم کردہ تفصیلات کی تصدیق اور سی ڈی ایس تا سی ڈی ایس شرکاء میں بک انٹری کے حامل اور فزیکل اثاثوں کی صورت میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو مطلع کریں۔

6- کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 244 اور ایس ای سی پی سرکلر نمبر سی ایل ڈی / سی سی ڈی / پی آر (11) 2017، ہدایت نمبر 16 مجریہ 2017ء مورخہ 7 جولائی 2017ء کی تعمیل میں منافع منقسمہ، شیئر یا مضاربہ سرٹیفکیٹس جو تین سال سے قابل ادائیگی یا لاداعی ہوں، کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کے تحت وفاقی حکومت کے حوالہ کردیئے جائیں گے۔

ایس آر او 1013(1) / 2017 مورخہ 6 ستمبر 2017ء کی تعمیل میں لاداعی حصص، منافع منقسمہ یا مضاربہ سرٹیفکیٹس 30 جون 2019ء کو ہماری ویب سائٹ www.umergroup.com پر جاری کردیئے جائیں گے۔ اس سلسلہ میں مذکورہ حصص یافتگان سے درخواست ہے کہ کسی لاداعی منافع منقسمہ، حصص یا مضاربہ سرٹیفکیٹس کیلئے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس یا شیئر رجسٹرار آفس سے رجوع کریں۔

7- ممبران سے پتہ یا بنک تفصیلات میں کسی قسم کی تبدیلی سے فوری طور پر ہمارے شیئر رجسٹرار حمید مجید ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو مطلع کرنے کی درخواست کی جاتی ہے۔

8- ایس آر او 787(1) / 2014 مورخہ 8 ستمبر 2014ء کے تحت ایس ای سی پی نے کمپنی کو سالانہ مالی گوشواروں، نوٹسز ممبران کو بذریعہ الیکٹرونک میل سسٹم (ای۔ میل) ارسال کرنے کی ہدایت کی ہے۔ ہم بخوشی آئندہ سالانہ مالی گوشواروں اور نوٹسز بذریعہ ای۔ میل وصول کرنے کے متمنی ممبران کو یہ سہولت فراہم کرنے کی پیشکش کرتے ہیں۔ اس ضمن میں ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ کمپنی کی ویب سائٹ www.umergroup.com پر موجود اسٹینڈرڈ ریکوئسٹ فارم پر اپنے عندیہ سے مطلع کریں۔ اس امر کی یقین دہانی کریں کہ آپ کے ای۔ میل میں کافی اور موزوں جگہ موجود ہے جس میں مذکورہ ای۔ میل وصول کی جاسکیں۔ جگہ 2MB سائز سے زائد ہونی چاہیے۔ مزید براں یہ ممبر کی ذمہ داری ہے کہ اپنے ای۔ میل میں کسی قسم کی تبدیلی سے بروقت شیئر رجسٹرار کو مطلع کریں۔

9- فنانس ایکٹ مجریہ 2019ء مورخہ یکم جولائی 2019ء کے تحت انکم ٹیکس آرڈیننس مجریہ 2001ء کی دفعہ 150 کے مطابق قابل ادائیگی منافع منقسمہ سے انکم ٹیکس کی منہائی کی شرح حسب ذیل ہے:

الف)...... برائے فائیلر انکم ٹیکس ریٹرنز۔ پندرہ فیصد

ب)...... برائے نان فائیلر انکم ٹیکس ریٹرنز۔ تیس فیصد

منافع منقسمہ پر 30 فیصد کی بجائے پندرہ فیصد کی شرح سے ٹیکس منہا کرنے کی سہولت کمپنی کو فراہم کرنے کیلئے ایف بی آر کی ویب سائٹ پر جاری ایکٹیو ٹیکس پیئر لسٹ (اے ٹی ایل) میں فائیلر ہونے کے باوجود نام درج نہ ہونے کی صورت میں اپنا اندراج کرالیں کہ کتاب کی بندش کے پہلے روز سے قبل اے ٹی ایل میں اندراج ہونا چاہیے بصورت ان کے نقد منافع منقسمہ سے پندرہ فیصد کی بجائے تیس (30) فیصد کی شرح سے ٹیکس منہا کرلیا جائیگا۔

ڈیویڈنڈ انکم سے ودہولڈنگ ٹیکس کی منہائی سے استثنٰی صرف تازہ ٹیکس ایگزیمپشن سرٹیفکیٹ یا کسی قانونی عدالت سے حکم امتناعی حمید مجید ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو کتاب کی بندش کے پہلے روز تک مل جانے کی صورت میں دیا جائیگا۔

مزید براں فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) سے موصول وضاحت کے مطابق ودہولڈنگ ٹیکس کی شرح کا تعین جوائنٹ اکاؤنٹس کی صورت میں علیحدہ علیحدہ فائیلر / نان فائیلر پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈر کے حصص کے تناسب پر کیا جائیگا۔

اس ضمن میں جوائنٹ شیئرز کے حامل تمام حصص یافتگان سے درخواست ہے کہ پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈرز کے حصص کے تناسب سے آگاہ کریں (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو تو) تحریراً شیئر رجسٹرڈ کو مطلع کریں۔

24 اکتوبر 2019ء تک معلومات موصول نہ ہونے کی صورت میں ہر حصص یافتہ کو مساوی حصص کا حامل تصور کیا جائیگا اور اسی تناسب سے ٹیکس منہا کرلیا جائیگا۔

10- ای ووٹنگ ممبران کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کی دفعہ 143-145 کے تحت اور ریگولیشنز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز مجریہ 2018ء کی نافذ العمل کلاز کے تحت انتخابات کا مطالبہ کرسکتے ہیں۔